# روبروالیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

عذارداری زیر دفعہ (2)21 الیکشن ایکٹ 2017 وزیر رول 12

الیکشن رولز 2017 بابت حلقہ بندی حلقہ صوبائی اسمبلی ہائے

PP233 , 235 ضلع وہاڑی

---

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض گزار ہے۔

1. یہ کہ سائل نذیر احمد ولد نور دین سکنہ اڈا پل مترو ڈاکخانہ مترو چک نمبر WB/173 تحصیل میلسی ضلع وہاڑی کا مستقل رہائشی ہے۔ اور چک نمبر Wb/173 کا ووٹر ہے نقل شناختی کارڈ و نقل ووٹر لسٹ annex A & B لف ہذا ہیں۔

2. یہ کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حلقہ PP-235 و PP-233 کی حلقہ بندی تجویز کی ہے جس میں حلقہ PP-235 کی کل آبادی 350451 اور حلقہ PP-233 کی کل آبادی 778186 تجویز کی گئی ہے۔ نقشہ جاری کردہ الیکشن کمیشن آف پاکستان حلقہ PP-235 و PP-233 ضلع وہاڑی مصدقہ بطور Annex C لف ہے۔


3. یہ کہ صوبائی حلقہ PP.235, PP.233 ضلع وہاڑی کی حلقہ بندی کرتے وقت قانون میں دیئے گئے اصولوں کو مد نظر نہ رکھا گیا ہے اور واضح کردہ اصول ہائے کو پس پشت رکھ کر حلقہ بندی کی

compactness بھی برقرار نہ رہی ہے۔ اور علاقوں کی آبادی ہائے کے means of communication کو بھی نظر انداز کیا گیا ہے جس سے صوبائی حلقہ ہائے ,PP.233 PP235 کی شکل tailor made اور odd shape بنادی گئی ہے۔ جو کہ قانون کے تقاضوں کے منافی ہے۔

4. یہ کہ PP.235 میں شامل کئے گئے پٹوار سرکل ہائے 107-wb، 109-WB، 169-WB متر وسید بلوچ اور شاب گڑھ کر بلاجواز PP-235 میں شامل کیا گیا ہے۔ ان پٹوار سرکل ہائے کی آبادی کے ذریع آمدورفت اور طبعی خدوخال حلقہ PP-233 کے آبادی ہائے سے مشترکہ حثیت رکھتے ہیں اور آبادی ہائے کی PP-235 میں شمولیت سے دونوں حلقہ ہائے کے نقشہ میں عجیب نوعیت کا Dent پیدا ہو گیا ہے۔ جس سے دونوں حلقہ ہائے صوبائی اسمبلی کی compactness بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ اور odd shaped حلقہ بندی واضح طور پر نمایاں ہے اسی طرح حلقہ PP-233 میں شامل کئے گئے پٹوار سرکل ہائے 1۔ 96-wb، 2۔ 118/WB، 3۔ رتھ مرڑ، 4۔ 190/WB، 5۔ ظہیر آباد شہید، 6۔ 192/WB، 7۔ 110/WB سے بھی دونوں حلقہ ہائے صوبائی اسمبلی میں compactness باقی نہ رہی ہے اور حلقہ ہائے tailor made شکل اختیار کر گئے ہیں اور لوگوں کے ذاریعے آمدورفت کو بھی مد نظر نہ رکھا گیا ہے جس سے عوام کو شدید تکلیف کا اندیشہ ہے۔ PP-233 میں شامل کئے گئے پٹواری سرکل ہائے کی آبادی کے ذرائع رشرورسائل و طبعی خدوخال حلقہ PP-235 کے علاقہ

3

5. یہ کہ PP-235 میں شامل کئے گئے پٹوار سرکل ہائے 107/WB ، 109/WB، 169/WB ، مترو، سید بلوچ اور خطاب گڑھ کو 235 سے نکال کر PP-233 میں شامل کیا جانا انصاف کے تقاضوں کے عین مطابق ہے اور PP-233 میں شامل کئے گئے پٹوار سرکل ہائے ۔ 96-wb، 2۔118/WB ، 3۔ رتھ مرڑ، 4۔190/WB ، 5۔ ظہیر آباد شہید، 6۔192/WB، 7۔110/WB کو PP-233 سے نکال کر PP-235 میں شامل کیا جانا عین قرین انصاف ہے۔ جس سے دونوں حلقہ ہائے شکل compact block کی صورت اختیار کرتی ہے۔ اور جملہ آبادیوں کے طبعی خدوخال ذریعے رسل ورسائل اور جغرافیائی حدود میں بھی توازن پیدا ہو گا۔ تجویز کردہ نقشہ ہائے حلقہ PP-233 و PP-235 ازاں سائل بطور Annex D لف ہیں۔





6. یہ کہ مذکورہ بالا عذرات اور تجویز کی روشنی میں کل آبادی ہائے حلقہ PP-235 کی کل آبادی 370187 اور حلقہ PP-233 کی کل آبادی 358450 بنتی ہے اور آبادی کا تناسب بھی برقرار رہتا ہے۔ نقل تفصیل آبادی ہائے پٹوار سرکل Annex E لف ہے۔ اور آبادی کی تفصیل کا شیڈول ذیل ہے۔

| مجوزہ PP-235 وہاڑی ازاں ECP کی موجودہ آبادی 350451 | علاقہ جات PP-235 میں سے نکالے گئے پٹوار سرکل ہائے کی آبادی | علاقہ جات PP-235 میں شامل کئے گئے پٹوار سرکل ہائے کی آبادی | کمی اور اضافے کے بعد کل آبادی PP-235 بمطابق تجویز ازاں سائل |
|---|---|---|---|
| 10 فیصد اضافہ کی صورت میں آبادی | 1۔107/WB آبادی 7830 | 1۔96/WB آبادی 20684 | |
| 10 فیصد کمی کی صورت میں آبادی | 2۔109/WB آبادی 6898 | 2۔118/WB آبادی 12060 | |
| | 3۔169/wb آبادی 8679 | 3۔رتھ مرڑ آبادی 8503 | |
| | 4۔مترو آبادی 19781 | 4۔110/WB آبادی 9948 | |
| | 5۔سید بلوچ آبادی 10686 | 5۔190/WB آبادی 6975 | |
| | 6۔[illegible] 9302 | 6۔ ظہیر آباد شہید آبادی 16896 | 370187 |

(4)

| مجوزہ PP-233 وہاڑی ازاں ECP کی موجودہ آبادی | علاقہ جات PP-233 میں سے نکالے گئے پٹوار سرکل ہائے کی آبادی | علاقہ جات PP-233 میں شامل کئے گئے پٹوار سرکل ہائے کی آبادی | کمی اور اضافے کے بعد کل آبادی PP-233 بمطابق تجویز ازاں سائل |
|---|---|---|---|
| 378186<br>10 فیصد اضافہ کی صورت میں آبادی<br>10 فیصد کمی کی صورت میں آبادی | 1۔ 96/WB آبادی 20684<br>2۔ 118/WB آبادی 12060<br>3۔ رتھ ممڑ آبادی 8503<br>4۔ 110/WB آبادی 9948<br>5۔ 190/WB آبادی 6975<br>6۔ ظہیر آباد شہید آبادی 16896<br>7۔ 192/WB آبادی 7846<br>**کل آبادی: 82912** | 1۔ 107/WB آبادی 7830<br>2۔ 109/WB آبادی 6898<br>3۔ 169/wb آبادی 8679<br>4۔ مترو آبادی 19781<br>5۔ سید بلوچ آبادی 10686<br>6۔ شاب گڑھ 9302<br>**کل آبادی: 63176** | 358450 |

7. یہ کہ بیان حلفی لف ہے۔

اندریں حالات استدعا ہے کہ سائل کی تجویز / عذر داری بابت حلقہ بندی PP-233 و PP-235 منظور فرمائی جاوے اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے تجویز کردہ ابتدائی حلقہ بندی جو کہ خلاف قانون اور حلقہ بندی کے اصولوں کے سراسر منافی ہے کو ختم کیا جائے اور سائل کی طرف سے تجویز کردہ حلقہ بندی کو منظور فرمایا جاوے۔

عــــــــرضـــــــــے

نذیر احمد ولد نور دین سکنہ اڈا پل مترو ڈاکخانہ مترو چک نمبر 173/WB تحصیل میلسی ضلع وہاڑی

N.A.

بذریعہ کونسل:

مہر ارشاد احمد آرائیں ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

سیٹ نمبر 13 منیر ملک بلاک ڈسٹرکٹ کورٹ ملتان

فون نمبر: 0301-7476014

0300 7731689